# WIDA Alternate Screener کیا ہے؟

WIDA Alternate Screener ایک پینسل اور کاغذ پر ایک ٹیسٹ ہے جو اساتذہ کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ کیا گریڈ K-12 کے سب سے زیادہ علمی معذوری رکھنے والے طالب علم انگریزی سیکھنے والے ہیں۔ انگریزی زبان سیکھنے والا ایک طالب علم ہے جس کی باضابطہ طور پر نشاندہی کی گئی ہے کہ اس کو زبان سیکھنے میں مدد کی ضرورت ہے تاکہ وہ انگریزی میں تعلیمی مواد کو کامیابی سے پڑھ اور سمجھ سکے۔

## میرا بچہ WIDA Alternate Screener ٹیسٹ کیوں لے رہا ہے؟

آپ ایک سروے میں حصہ لیتے ہیں اور سوالات کے جواب دیتے ہیں کہ آپ گھر میں کون سی زبان استعمال کرتے ہیں۔ آپ کے جوابات کی بنیاد پر، آپ کے بچے کے اساتذہ کو پتہ چلتا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ آپ کا بچہ انگریزی زبان سیکھنے والا ہو۔ آپ کا بچہ WIDA Alternate Screener ٹیسٹ میں حصہ لے گا اس بات کی تصدیق کرنے کے لئے کہ وہ انگریزی زبان سیکھنے والا ہے۔

## WIDA Alternate Screener ٹیسٹ کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

WIDA Alternate Screener ٹیسٹ کے نتائج کو آپ کے بچے کے اساتذہ استعمال کرتے ہیں اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے کہ کیا آپ کا بچہ انگریزی زبان سیکھنے والا ہے۔

## WIDA Alternate Screener ٹیسٹ میں کتنا وقت لگتا ہے؟

ٹیسٹ کو مکمل ہونے میں 30 منٹ سے کم وقت لگنا چاہئیے، اگرچہ ٹیسٹ کے اوقات انفرادی طالب علم کی ضروریات کے مطابق مختلف ہوسکتے ہیں۔ اس میں ٹوٹل نو سوالات ہوتے ہیں جو زبان کے چار نقات کا احاطہ کرتے ہیں (سُننا، پڑھنا، بولنا، لکھنا)۔



WIDA، یونیورسٹی آف وسکونسن-میڈیسن کے Wisconsin Center for Education Research کے تحت قائم ہے۔

© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA

WIDA UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON

## اس کے لئے تیاری کرنا WIDA Alternate Screener

- آپ کے بچے کے اساتذہ آپ سے اس بارے میں سوالات پوچھ سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ گھر میں بات چیت کرنے کے لئے کونسے طریقوں کو ترجیح دیتا ہے۔
- آپ کے بچے کو WIDA Alternate Screener ٹیسٹ کے لئے تیاری کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔
- اپنے بچے کے اساتذہ سے بات کریں کہ آپ کو ٹیسٹ کے نتائج کب ملیں گے اور آپ کے بچے ک ااسکول ان نتائج کو کیسے استعمال کرتا ہے۔



## اگر آپ کا بچہ انگریزی سیکھنے والا ہے تو، تو یہ ہیں وہ سوالات جو آپ اس کے اساتذہ سے پوچھ سکتے ہیں

- یہ کیسا لگے گا کہ میرا بچہ زبان اور اسپیشل تعلیم دونوں سروسز حاصل کرے؟
- آپ بچوں کی زبانوں اور ثقافتوں کو اسکول میں کیسے شامل کرتے ہیں؟
- میری فیملی گھر پر کیسے اپنے بچے کی زبان کی نشوونما میں مدد کرسکتی ہے؟
- میرے بچے کو انگریزی زبان کی سپورٹ کب ملنا بند ہوجائے گی؟

WIDA، یونیورسٹی آف وسکونسن-میڈیسن کے Wisconsin Center for Education Research کے تحت قائم ہے۔
Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA 2025 ©

WIDA™
UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON